# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu News Bulletin**
**Dated : 14 September 2026**
**Time : 07:40 PM**

---

آداب
یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں شیخ تجمل
پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

**ہیڈلائنز**

✓ (۱) ــــــ ہندی دیوس کے موقعے پر ملک بھر میں تقریبات کا انعقاد// وزیراعظم کا قومی زبان کے تحفظ اور ترویج پر زور۔

✓ (۲) ــــــ وزیراعلیٰ نے جموں وکشمیر میں ہیلتھ سیکٹر کی مجموعی کارگذاری کا لیا جائزہ// خامیوں کو دور کرنے کی دی ہدایت۔

✓ (۳) ــــــ جموں وکشمیر کی سیکورٹی صورتحال مکمل طور قابو میں// وزارت دفاع

اور

✓ (۴) ــــــ ریاسی میں مسافر گاڑی کو حادثہ// 2 افراد جاں بحق، 5 دیگر زخمی// لیفٹیننٹ گورنر اور وزیراعلیٰ کا اظہار رنج

## ہندی دیوس

پورے ملک میں آج ہندی دِوس منایا جارہا ہے۔ 1949 میں آج ہی کے دن قانون ساز اسمبلی نے دیوناگری رسم الخط میں ہندی زبان کو ملک کی سرکاری زبان کے طور منظور کیا تھا۔ہندی زبان آج دنیا کے بیشتر مما لک میں بولی جاتی ہے اور ایسی پہلی زبان ہے جسے 52 کروڑ سے زیادہ لوگ بولتے ہیں۔ملک بھر میں اس حوالے سے کئی تقریبات اور پروگرموں کاانعقاد کیا گیا۔
وزیراعظم نریندر مودی نے ہندی دیوس کے موقعے پر ملک کے عوام کو مبارک باد دیتے ہوئے کہاہے کہ ہندی نہ صرف رابطے کی زبان ہے بلکہ یہ ہمارے ملک کی شناخت اور اقدار کا عظیم ورثہ بھی ہے۔انہوں نے کہا کہ عالمی سطح پر ہندی زبان کے تئیں بڑھتی رغبت ملک کیلئے ایک فخر کا مقام ہے۔

## امت شاہ

وزیر داخلہ امت شاہ اور وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے بھی ہندی دیوس کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔
اپنے ایک ویڈیو پیغام میں وزیر داخلہ نے اس دن کی اہمیت اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ 14 ستمبر 1949 کو آئینی طور ہندی زبان سرکاری زبان کے طور پر تسلیم کی گئی جو آج اپنے 75 سال مکمل کر رہی ہے۔

**......Amit Shah.....**

## ایل جی

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے بھی لوگوں کو ہندی دیوس کی مبارکباد دی ہے۔انہوں نے ایک سوشل میڈیا پیغام میں کہا ہے کہ ہندی زبان ملک میں کثرت میں وحدت کی ایک مضبوط علامت ہے۔
منوج سنہا نے کہا ہے کہ اس زبان کے ذریعے ہم اپنے جذبات اور احساسات کی مؤثر ترسیل کرتے ہیں۔

## آکاشوانی تقریب

ہندی دیوس کے موقعے پر آکاشوانی سرینگر میں بھی ایک خصوصی تقریب منعقد ہوئی، جس میں ہندی زبان کی اہمیت کو اُجاگر کیا گیا۔اس موقعے پر وزیر داخلہ امت شاہ،اطلاعات ونشریات کے وزیر اشونی ویشنو اور پرسار بھارتی کے سی ای او گورو دِویدی کے ہندی دیوس سے متعلق پیغامات پڑھ کر سنائے گئے۔

تقریب پر آکاشوانی سرینگر کے سربراہ گربندر سنگھ ،لسانیات کی اسٹنٹ ڈائریکٹر منیشا شرما، پروگرام ہیڈ غلام رسول آخون،شعبہ خبر کے سربراہ اشفاق احمد شاہ اور سٹیشن کے دیگر سینئر افسران بھی موجود تھے۔منشیا شرما نے ہندی دیوس کے بارے میں کہا۔

......V/O.....

## وزیراعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے صحت شعبے میں پائی جانے والی کمیوں کو دور کرنے کی ہدایت دی ہے۔ آج سرینگر میں محکمہ کے اعلیٰ افسران کی ایک میٹنگ میں انہوں نے ہیلتھ سیکٹر کے مجموعی کام کاج کا جائزہ لیتے ہوئے اس میں مزید بہتری لانے کیلئے صلاحکار کمیٹی کی رپورٹ کے مطابق اصلاحاتی اقدامات کرنے پر زور دیا۔انہوں نے اس ضمن میں پچھلے دو برسوں کے دوران حاصل کئے گئے اہداف کیلئے محکمہ کے افسران اور اہلکاروں کی ستائش کی۔

میٹنگ میں وزیر صحت سکینہ ایتو،وزیر اعلیٰ کے صلاح کار ناصر اسلم وانی،چیف سیکریٹری اٹل ڈلو، سیکریٹری ہیلتھ ایم راجو اور مختلف طبی اداروں ومیڈیکل کالجوں کے سربراہاں بھی موجود تھے۔

## وزیراعلیٰ وفود

سرینگر کے سیول سیکریٹریٹ میں آج کئی ممبران اسمبلی،عوامی وفود اور انفرادی سطح پر لوگوں نے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ سے ملاقات کی اور اُن کی نوٹس میں نجی اور عوامی مطالبات لائے۔ملاقات کرنے والوں میں ایم ایل اے سونہ واری ہلال اکبر لون اور ایم ایل اے خانصاحب سیف الدین بٹ،بھی

شامل تھے، جنہوں نے اپنے اپنے حلقوں کے کئی ترقیاتی منصوبوں اورعوامی بہبود سے متعلق معاملات وزیراعلیٰ کی نوٹس میں لائے۔

سینٹرل انسٹی چیوٹ آف ٹیمپریٹ ہارٹیکلچر سرینگر کے ڈائریکٹر ایم کے ورمااورڈپٹی ڈائریکٹر نیشنل ہارٹیکلچر بورڈ اشوک کماربھی وزیراعلیٰ سے ملاقی ہوئے۔جس دوران ان محکموں کے مختلف معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

## جاوید رانا

جل شکتی کے وزیرجاویداحمدرانانے آج مینڈھرمیں چاجلہ سے رامکنڈ سڑک پرمیکڈم بچھانے کا افتتاح کیا۔یہ پروجیکٹ محکمہ تعمیرات عامہ کی جانب سے **40**لاکھ روپے کی لاگت سے عملایا جارہاہے۔

اس موقعے پراپنے خیالات کااظہارکرتے ہوئے وزیرنے کہاکہ موجودہ سرکارعوام کوبنیادی سہولیات دستیاب رکھنے کی ہرممکن اقدام کررہی ہے۔

وزیرموصوف نےسڑکوں کی تعمیروتجدیداورمیکڈم بچھانے کے دوران معیاری میٹیریئل استعمال کرنےاورکام کومقررہ مدت کے اندرمکمل کرنے پرزوردیا۔

## ستیش شرما

امورنوجوان اورکھیل کود کے وزیرستیش شرمانے جموں وکشمیرمیں پیرااسپورٹس کوفروغ دینے اور جسمانی طورخاص کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے سرکارکےعزم کااعادہ کیاہے۔

جے کے دیویانگ ویلفیئرایسوسی ایشن کے ارکان کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہاکہ پیراایتھلیٹس کوہرسطح پریکساں مواقعے فراہم کئے جانے چاہئے۔اس موقعے پروزیرموصوف نے حیدرآبادہاکس کی جرسی کی نقاب کُشائی کی۔

یہ ٹیم آگرہ میں **6** اکتوبرکوشروع ہونے والی ریڈئینٹ ورلڈ پیراکرکٹ لیگ میں شرکت کررہی ہے۔

## وزارت دفاع

وزارت دفاع نے کہا ہے کہ جموں وکشمیر میں سیکورٹی صورتحال مکمل طور قابو میں ہے اور یوٹی میں لوگ اب پُر امن ماحول میں جی رہے ہیں ۔سال **2025.26** سے متعلق جاری کی گئی اپنی تازہ ترین رپورٹ میں وزارت دفاع نے کہا ہے کہ امن وسلامتی بحال کرنے کی کوششوں کے نتیجے میں یوٹی میں تشدد میں نمایاں کمی، احتجاجی مظاہروں میں رکاوٹ اور پتھراؤ کے واقعات کا خاتمہ دیکھنے میں آیا ہے۔ رپورٹ میں چین کے ساتھ مجموعی صورتحال پر بھی روشنی ڈالی گئی ہے اور کہا گیا ہے کہ سال **2025** میں شمالی سرحدوں کے مقابل چین کی پیپلز لبریشن آرمی کی تعیناتی میں کمی دیکھی گئی ہے ۔جبکہ سیاسی ،سفارتی اور عسکری سطح پر بھارت اور چین کے درمیان رابطوں نے سرحدوں پر مثبت پیش رفت اور استحکام کی راہ ہموار کی ہے ۔

## بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سن رہے ہیں ۔خبریں اور آکاشوانی کے دیگر پروگرام آپ صرف آکاشوانی کے موبائیل ایپلی کیشن News on AIR، WAVES او ٹی ٹی پلیٹ فارم اور پرسار بھارتی کی ویب سائٹ www.prasarbharti.gov.in کے علاوہ DTH پر بھی سماعت کر سکتے ہیں ۔اس کے علاوہ کوئی بھی دوسری ایپ یا ویب سائٹ پرسار بھارتی سے وابستہ یا منظور شدہ نہیں ہے ۔

GONG

## حادثہ

ریاسی کے بگّل ٹنل کے نزدیک آج ایک مسافر بردار منی بس کو حادثہ پیش آیا جس کے نتیجے میں اس میں سوار **2** مسافر موقعے پر ہی از جان جبکہ **5** دیگر زخمی ہو گئے ۔زخمی مسافروں کو پولیس اور مقامی لوگوں نے ہسپتال پہنچایا جہاں اُن کا علاج ومعالجہ چل رہا ہے جبکہ دو مسافروں کو شدید زخمی حالت میں گورنمنٹ میڈیکل کالج جموں منتقل کیا گیا۔

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے اس سانحہ پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے مہلوکین کے سوگوار کنبوں سے تعزیت اور ہمدردی ظاہر کی ہے۔ وزیر اعلیٰ نے زخمی افراد کو مکمل علاج ومعالجہ فراہم کرنے کی ہدایت دی ہے۔ اِدھر بانڈی پورہ سے ہمارے نمائندے عادل اسماعیل نے خبر دی ہے کہ علاقے کے نالہ مدھومتی سے کلوسہ کے رہنے والے مومن احمد نامی ایک دس سالہ بچے کی لاش آج برآمد کی گئی۔ مذکورہ بچہ **4** روز قبل پیر پھسلنے کی وجہ سے دریا میں جا گرا تھا۔

## درخشاں اندرابی

جموں وکشمیر وقف بورڈ کی چیئر پرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندابی نے آج ٹنگمرگ بابا ریشی میں حضرت بابا پیام الدین ریشیؒ کی زیارتگاہ پر حاضری دی اورانہوں نے وہاں ایمبولنس سروس کا افتتاح کیااور زیارتگاہ کی اَپ گریڈیشن کے پروجیکٹ کا جائزہ لیا۔

## گنیش چترتھی

ملک کے ساتھ ساتھ جموں وکشمیر میں بھی آج گنیش چترتھی کا تہوار منایا گیا۔اس سلسلے میں حبہ کدل سرینگر میں واقع گنپت یار مندر میں خصوصی پرارتھنا سبھا منعقد ہوئی،جس میں ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو کے علاوہ شردھالوؤں کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی۔

## تھیٹر کانفرنس

سرینگر میں **3** روز سے جاری ''کشمیر تھیٹر کانفرنس'' آج اختتام پذیر ہوئی۔کانفرنس میں تھیٹر سے وابستہ ممتاز شخصیات، ماہرین علم وادب، مصنفین، فنکاروں اور ثقافتی امور سے وابستہ افراد نے شرکت کرکے کشمیر کی شاندار تھیٹر روایات کے مستقبل پر تبادلۂ خیال کیا۔کانفرنس کے دوران منعقد کی گئی نشستوں میں ماہرین نے ''کشمیر میں تھیٹر کے مستقبل کے امکانات'' کے موضوع پر تحقیقی مقالے پیش کئے۔ مقررین نے تھیٹر کیلئے ادارہ جاتی تعاون، تخلیقی تجربات اور پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو فروغ دینے کی ضرورت پرزور دیا۔

## بشیر ویری

حلقہ انتخاب بجبہاڑہ میں دیہی ترقیاتی محکمہ کے تحت ہورہے کام کی پیش رفت کا جائزہ لینے کے لئے آج حلقے کے ایم ایل اے ڈاکٹر بشیر احمد ویری نے ٹاؤن ہال بجبہاڑہ میں ایک میٹنگ کے دوران سبھی علاقوں کی یکساں ترقی کی ضرورت اُجاگر کیا۔

انہوں نے افسران کو ہدایت دی کہ وہ مقررہ اہداف حاصل کرنے کیلئے کام میں سرعت لائیں اور لوگوں کی ترجیحات پر خصوصی توجہ مرکوز کریں۔

## این سی

نیشنل کانفرنس کے سینئر لیڈر اور ممبر پارلیمنٹ شمی اوبرائے نے ملک کی **21** مختلف ریاستوں میں یکساں سیول کوڈ نافذ کرنے کے بی جے پی کے مجوزہ منصوبے کی مخالفت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس اقدام سے بھارت کے سیکولر کردار اور مختلف مذاہب کے قوانین ورسومات پر حرف آسکتا ہے۔

انہوں نے کہا کہ اس حوالے سے کوئی بھی قدم اٹھانے سے پہلے کُل جماعتی اجلاس طلب کیا جانا چاہئے اور معاملے پر وسیع بحث ومباحثہ ہونا چاہئے تاکہ سبھوں کی رائے حاصل کی جاسکے۔

## شوکت احمد

نیشنل کانفرنس نے جموں وکشمیر کا ریاستی درجہ بحال کرنے کی ضرورت اُجاگر کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوامی مسائل کو مؤثر اور بلا روک ٹوک حل کرنے کیلئے اس ضرورت کو پورا کرنا ناگزیر ہے۔

پارٹی صدر دفتر سرینگر پر آج مختلف علاقوں سے آئے عوامی وفود سے تبادلہ خیال کرتے ہوئے صوبائی صدر شوکت احمد میر نے کہا کہ عمر عبداللہ سربراہی والی سرکار عوام کی راحت رسانی کیلئے ہرممکن کوششیں کررہی ہیں اور لوگوں کے مسائل اور مطالبات ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی سبھی کوششیں بروئے کار لائی جارہی ہیں۔

## بی جے پی

قانون ساز اسمبلی میں حزب اختلاف کے لیڈر سنیل شرما نے کہا ہے کہ اُن کی جماعت رام بن کے لوگوں کو درپیش مسائل اور دیگر معاملات اسمبلی کے آئندہ اجلاس میں اٹھائے گی، یہ بات انہوں نے آج رام بن میں عوامی وفود سے بات چیت کے بعد کہی۔

اس دوران جنرل سیکریٹری آرگنائزیشن اشوک کول نے ڈوڈہ میں پارٹی لیڈروں کی کئی میٹنگوں میں پارٹی کی سرگرمیوں اور آئندہ کے پروگراموں کیلئے تیاریوں کا جائزہ لیا۔

دریں اثنا پارٹی کے سینئر لیڈر اور راجیہ سبھا ممبر غلام علی کھٹانہ نے نئی دلی میں برکس سربراہ اجلاس کے کامیاب انعقاد پر اطمینان اور خوشی کا اظہار کیا ہے۔

## پولیس

منشیات کے خلاف کارروائی جاری رکھتے ہوئے پولیس نے شوپیاں اننت ناگ، کولگام اور سوپور میں **6** ڈرگ سمگلروں کو گرفتار کرلیا۔ اُن کے قبضے سے نشیلی اشیاء کی کچھ مقدار برآمد کرلی ہے۔

اس دوران پولیس نے بونیار بارہمولہ میں **2** کنال اراضی پر خودرو بھنگ کو تباہ کردیا ہے۔

اُدھر ایس ایس پی کولگام نے ضلع پولیس افسران کی ایک میٹنگ میں ضلع میں مجموعی صورتحال کا جائزہ لیا۔ انہوں نے امن میں رخنہ ڈالنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی ہدایت دی۔

## کلچرل فورم

کروہَن کلچرل فورم کریری کے اہتمام سے آج گورنمنٹ ہائر سیکنڈری اسکول کریری میں ایک ادبی تقریب منعقد ہوئی، جس میں ادبا، شعراء اور عام لوگوں نے شرکت کی۔

تقریب کے دوران نورالدین ہوش کی کتاب ''سیاہ وَاوِلس منز'' اور معروف ادیب و شاعر سعدالدّین سعدی کی کلیاتِ قدوس میر قدسی کی رسم اجرائی انجام دی گئی۔

## موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق اگلے 24 گھنٹوں کے دوران جموں وکشمیر میں کہیں کہیں پر ہلکی بارش یا گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے۔

سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 30.4 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 13.5 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 33.5 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 22.3 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح 6 بجکر 13 منٹ اور غروب آفتاب شام 6 بجکر 38 منٹ پر ہوگا۔

## Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

ایک وقفے کے بعد آپ سنئے تبصرہ۔

ہمیں دیجئے اجازت۔ خدا حافظ۔

---------------------------------------